مطبوعات

WAY TO THE QURAN

مؤلف: خرم مراد۔ شائع کردہ: اسلامک فاؤنڈیشن، ۲۲۳ لنڈن روڈ، لائسسٹر LE2 1ZE برطانیہ۔ صفحات: ۱۴۴۔ سرورق دبیز آرٹ کارڈ۔ قیمت: نامعلوم

انگریزی میں لکھی ہوئی اس کتاب کا پہلے تو حُسنِ ظاہر ساری توجہ کھینچ لیتا ہے۔ جدید کتاب سازی کا یہ فن مقامِ بلند پہ پہنچ گیا ہے کہ سرورق کی ڈیزائننگ، رنگوں کی ترتیب اور طباعت کے انتہائی سادہ انداز کے باوجود کتاب پکار کے کہتی ہے کہ مجھے پڑھو۔ خوب صورتی طباعت ہی میں نہیں بلکہ خود معانی و مطالب کے حُسن کے علاوہ اس میں زبان اور طرزِ بیان کا حُسن بھی زوروں پر ہے۔

کتاب ملتے ہی میں نے اسے پڑھ ڈالا۔ ملخصاً کہا جا سکتا ہے کہ اس میں بڑی دِلسوزی اور شعور انگیزی کے ساتھ قرآن کا مطالعہ کرنے اور اس سے صحیح اور مکمل استفادہ کرنے کی صورتیں بتائی گئی ہیں۔ اخلاصِ نیت سے لے کر ترتیل تک، اور ترجمے سے لے کر تفسیر تک بڑی اچھی رہنمائی دی گئی ہے۔ انفرادی مطالعہ اور اجتماعی مطالعہ، اسٹڈی سرکل اور درس وغیرہ کی مختلف سطحوں پر قرآن کا حق ادا کرنے اور اس کے پیغام کو بہترین پیرایۂ ابلاغ سے دوسروں تک پہنچانے کے لیے جو مشورے دیئے گئے اُن کی بنیاد خود قرآن و حدیث کے مطالعہ پہ ہے اور دوسری طرف جدید نفسیات اور ماحول کے متعلق حاصل شدہ تجربات سے بھی مدد لی گئی ہے۔

کتاب یہ بھی بتاتی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مختلف نمازوں میں کون کون سی سورتیں یا آیات پڑھتے تھے۔ نیز آپ نے قرآن کے خاص خاص حصّوں کے متعلق کیا فضائل بیان کیے ہیں۔

آخر میں درسِ قرآن (ماہانہ اور ہفتہ وار) کے لیے ایک مختصر نصاب اور دوسرا تفصیلی نصاب

تجویز کیا گیا ہے۔

قرآن کی خدمت کرنے والے اور قرآن کا پیغام خود سمجھ کر دوسروں کو سمجھانے والے اور قرآن کا عملاً غلبہ چاہنے والے افراد اور گروہوں کے لیے اس مختصر کتاب کا مطالعہ بہت مفید رہے گا۔

انکم ٹیکس احکام الٰہی کی روشنی میں	تالیف: نذر الحق لون۔ مینجنگ ڈائریکٹر آئی ڈی لون اینڈ سنز، راولپنڈی۔ شائع کردہ: فرم مذکور، پوسٹ بکس ۳۴۔ آدم جی روڈ،

راولپنڈی۔ قیمت درج نہیں۔

مؤلف بہت سے دینی، تعلیمی، فلاحی اور معاشی اداروں میں (جن میں سرکاری بھی ہیں اور قومی بھی) معزز مناصب رکھتے ہیں اور ان کی وجہ سے انہیں یہ سہولت بھی ملی کہ وہ اپنے موضوع سے متعلق جملہ احوال کی واقفیت رکھیں۔ خوشی کی بات یہ ہے کہ اس کتاب کی گواہی کے مطابق لون صاحب کے پاس مالیاتی اور قانونی معلومات و تجربات ہی نہیں، جذبۂ ایمانی اور اسلامی نقطۂ نظر بھی ہے۔ اس نقطۂ نظر کے ساتھ انہوں نے انکم ٹیکس کے قوانین پر ایک ایک کر کے بحث کی ہے اور مقابل میں اسلامی اصول و احکام رکھ کر دکھایا ہے کہ کتنا بڑا تضاد ہمارے ہاں کارفرما ہے۔

میں نے اسے ایک سرسری تالیف سمجھ کر پڑھنا شروع کیا۔ مگر سفرِ مطالعہ طے کرنے کے ساتھ ساتھ میرے دل میں اس کاوش کی قدر و قیمت بڑھتی گئی۔

دراصل یہ ایک مقالہ ہے جو کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی دعوت پر ان کے ایک اجلاس (مئی ۱۹۸۵ء) میں پڑھا گیا۔

ہمدرد نونہال (خاص نمبر)	مدیر اعلیٰ: مسعود احمد برکاتی، صدر حکیم محمد سعید صاحب۔ مقام اشاعت: ہمدرد نونہال

ہمدرد ڈاک خانہ، ناظم آباد۔ کراچی ۱۸ قیمت خاص نمبر ۸/- روپیہ۔

بچوں کے لیے یہ کہانیوں کا بہت اچھا مجموعہ ہے جو ۲۸۸ صفحات پر پھیلی ہوئی ہیں۔ ان کہانیوں